“جس نے ایمان کے ساتھ اور اجر و ثواب کے حصول کی نیت سے

رمضان کا روزہ رکھا، اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جائیں گے۔”

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلى الله عليه وسلم نے فرمایا: “جس نے ایمان کے
ساتھ اور اجر و ثواب کے حصول کی نیت سے رمضان کا روزہ رکھا، اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جائیں گے۔” [صحيح] [متفق عليه]

اللہ کے نبی صلى الله عليه وسلم و سلم بتا رہے ہیں کہ جس نے اللہ پر ایمان رکھتے ہوئے، روزے کی فرضیت اور روزے دار بندوں کے لیے اللہ کی جانب سے تیار شدہ بیش بہا اجر و ثواب کی تصدیق کرتے ہوئے اور اللہ تعالی کی خوش نودی کے

ٰ

حصول کی خاطر، ریا کاری اور شہرت طلبی سے بچتے ہوئے، رمضان کے روزے رکھے، اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے جائيں گے۔

/4196 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah. www:// https